© rasailojaraid.com



# شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ
## کے
# سوالات اور وفاقی وزراء کے جوابات

## عیسائی مشنری ادارے

سوال نمبر ۸۴ مورخہ ۵/۲/۷۵ :- کیا وزیر اقلیتی امور ارشاد فرمائیں گے کہ مشنری اداروں مثلاً سکول کالج۔ چرچ۔ ہسپتال وغیرہ کی تعداد کتنی ہے۔ نیز ان کی تفصیلات بیان کی جائیں۔؟

جواب :- ملک محمد اختر، وزیر مملکت برائے سیاحت و اقلیتی امور۔

عیسائیوں کے مذہبی اداروں کی تعداد ۳۹۹

| اسکول | کالج | چرچ | ہسپتال | مراکز بہبود |
|---|---|---|---|---|
| ۲۲۸ | ۳ | ۱۰۱ | ۳۹ | ۲۸ |

| تفصیلات | سکول | کالج | چرچ | ہسپتال | مراکز بہبود |
|---|---|---|---|---|---|
| پنجاب | ۱۷۴ | ۱ | ۶۹ | ۲۳ | ۶ |
| سندھ | ۳۴ | ۱ | ۱۶ | ۹ | ۲۲ |
| سرحد | ۱۳ | ۱ | ۱۱ | ۵ | - |
| بلوچستان | ۷ | ۰ | ۵ | ۲ | - |
| | ۲۲۸ | ۳ | ۱۰۱ | ۳۹ | ۲۸ |

## فروغ عربی اور عربی ممالک سے رابطہ

سوال نمبر ۹۹ مورخہ ۵/۲/۷۵ ۔ کیا وزیر اطلاعات ونشریات بیان فرمائیں گے کہ آیا عربی کے فروغ یا عرب ممالک سے رابطہ [illegible] اخبارات یا رسالے شائع کئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جاتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو اسکی تفصیلات کیا ہیں۔ اور اگر ایسا نہیں تو حکومت اس ضمن میں کیا اقدامات کرے گی ؟

جواب :- ملک محمد اختر۔

الف :- شعبہ اطلاعات و نشریات کا ریسرچ، ریفرنس و پبلیکیشن ڈائریکٹریٹ عربی بولنے والے ممالک میں اشاعت کیلئے عربی زبان میں ایک پندرہ روزہ رسالہ، پاکستان مصوّر، باقاعدگی سے شائع کرتا ہے۔ پاکستان کے اندر عربی زبان کے فروغ کیلئے یہ ڈائریکٹریٹ ہفت روزہ جریدہ پاک جمہوریت، میں عربی زبان کے اسباق شائع کرتا ہے ـــــ علاوہ ازیں یہ ڈائریکٹریٹ پاک عرب یکجہتی کے فروغ کیلئے درج ذیل کتب شائع کر چکا ہے۔

۱۔ اسلامک ورلڈ (دنیائے اسلام) ۲۔ پاکستان سالی ڈریٹی ود مسلم ورلڈ (دنیائے اسلام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی) ۳۔ پاکستان۔ ۴۔ قائد اعظم۔ ۵۔ ذوالفقار علی بھٹو۔ ۶۔ ختم نبوت۔

محکمہ اطلاعات عامہ کی نظامت نیوز ریل و دستاویزی فلم نے عربی زبان میں درج ذیل سات دستاویزی فلمیں تیار کی ہیں۔ جن میں اسلامی جمہوریہ پاکستان میں ہونے والی ترقی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

۱۔ اسلامک سمٹ۔ ۲۔ مجد مجید۔ ۳۔ شملہ کانفرنس ۴۔ دوستی کا سفر ۵ پیپلز فسٹیول (عوامی میلہ) ۶۔ کنسٹیٹیوشن (دستور) ۷۔ فلڈ اسپیشل (سیلاب)

---

## مسترد شدہ سوالات

---

# قادیانیوں کے اقلیتی فیصلہ پر عملدرآمد سے گریز

نمبر۔ ایس کیو ڈی ۲۱/۷۵/۷۔ کیو اے پی۔ (۲۹ جنوری ۱۹۷۵ء)

کیا وزیر قانون بتا سکیں گے۔ کہ قادیانیوں کو آئین میں غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے بعد آئینی ترمیم کے تقاضے پورے کرنے کیلئے اب تک کیا اقدامات کئے گئے۔

اگر جواب نفی میں ہے تو کیا ایسے اقدامات زیر غور ہیں۔ اور کب تک انہیں عملی جامہ پہنایا جا سکیگا۔

کیا وزیر قانون بتا سکیں گے کہ انتخابی فہرستوں اور رجسٹریشن میں قادیانیوں کو غیر مسلم لکھنے پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے۔ اگر نہیں تو کیوں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# تعلیمی اداروں میں عربی تعلیم کی حق تلفی

نمبر۔ الیس کیو ڈی ۷۵/۲۰ کیو اے پی۔ (۲۹ر جنوری ۱۹۷۵ء)

کیا وزیر تعلیم وضاحت فرماسکیں گے :

الف :۔ کیا یہ صحیح ہے کہ کالجوں میں عربی اور انگریزی کے دو دو پرچے ہوتے ہیں مگر عربی پرچے کے نمبر سو اور انگریزی کے پچہتر ہوتے ہیں اور یہ عربی کی تدریس کے لئے ہر ہفتہ میں ۴ گھنٹے ہیں مگر انگریزی سیکھنے کے لئے یہ تعداد آٹھ ہے، کیا یہ صحیح ہے کہ عربی کے مقابلہ میں سائنس کو ترجیح دینے سے دیگر طلبہ عربی چھوڑ کر سائنس اختیار کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

نمبر الیس کیو ڈی ۷۴/۸ (۲۶ر نومبر ۱۹۷۴ء)

نمبر۔ الیس کیو ڈی ۷۴/۴ کیو اے پی۔ (۲ر دسمبر ۱۹۷۴ء)

کیا وزیر اطلاعات ازراہ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے۔ کہ ریڈیو اور ٹی۔ وی سے عربی پروگرام بھی نشر ہوتے ہیں۔ اگر جواب اثبات میں ہے تو اسکی تفصیل کیا ہے۔

# شراب جوا اور سود کی حوصلہ شکنی

نمبر۔ الیس کیو ڈی ۷۵/۱۹ کیو اے پی۔ (۲۹ر جنوری ۱۹۷۵ء)

کیا وزیر قانون بتائیں گے کہ آئین کی رو سے حکومت نے شراب۔ جوا۔ اور سود کی حوصلہ شکنی کا عہد کیا ہے۔ تو اس سلسلہ میں اب تک کیا کچھ قانونی اقدامات کئے گئے ہیں۔

## شیخ الاسلام مولانا مدنی کے تلامذہ حدیث متوجہ ہوں

جن علماء کرام نے شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ العزیز سے دورۂ حدیث پڑھنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ ازراہ کرم اولین فرصت میں پتہ ذیل پر اپنے ضروری کوائف سے مطلع فرماکر ممنون فرمادیں۔

پتہ :۔ قاضی محمد زاہد الحسینی۔ دارالارشاد۔ کیمبل پور۔ پاکستان



© rasailojaraid.com